33818-چاند نظر آنے کے بعد جب کوئی اپنے بال مونڈے تو اس کا یہ کام غلط ہے لیکن اس کی قربانی صحیح ہے

سوال

جب اس نے ذی الحجہ کا مہینہ شروع ہونے کے بعد اپنے بال مونڈ لیے تو کیا اس کی قربانی صحیح اور قبول ہوگی اس نے قربانی کی بھی نیت کر رکھی تھی ؟

پسندیدہ جواب

شیخ ابن عثیمین رحمہ اللہ تعالی کہتے ہیں :

جی ہاں اس کی قربانی مقبول ہوگی لیکن وہ گنہگار ہوگا، لیکن عام لوگوں میں جو یہ مشہور ہو چکا ہے کہ جس نے بھی عشرہ ذی الحجہ میں اپنے بال یا ناخن وغیرہ کاٹ لیے اس کی قربانی ہی نہیں ہوتی یہ بات صحیح نہیں، کیونکہ ان تینوں اور قربانی کے صحیح ہونے میں کوئی تعلق ہی نہیں پایا جاتا۔ اھ دیکھیں الشرح الممتع لابن عثیمین رحمہ اللہ (533/7)۔

واللہ اعلم.